بلاول بھٹو زرداری کی کوہاٹ میں پولیس اہلکاروں پر دہشت گردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کوہاٹ میں پولیس پر بھارتی پراکسی دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشت گرد حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہدا کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اس ناقابلِ تلافی نقصان پر پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ خیبر پختونخوا پولیس اور سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صفِ اول میں کھڑی ہیں، قوم ان کی قربانیوں اور جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے، دہشت گردی کے خلاف ریاستی عزم اور قومی اتحاد غیر متزلزل رہنا چاہیے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کوہاٹ میں پولیس پر بھارتی پراکسی دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشت گرد حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

سرداری نظام کے خلاف مکمل دستاویزات کے ساتھ قرارداد پیش کروں گا، مولانا ہدایت

قومی شاہراہوں سے بسوں کو مسافروں سمیت اٹھا کر لے جایا جاتا ہے اور کوئی روکنے والا نہیں ہے، جبکہ اسمبلی میں قراردادیں تو پیش کی جاتی ہیں مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں

مزاحمت مسائل کا حل نہیں، حکمران صرف اپنی حفاظت چاہتے ہیں جبکہ عوام کا کوئی پرسانِ حال نہیں، مہنگائی اور بدامنی کے خلاف 22 نومبر کو جلسہ کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) رکنِ بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ صوبے کے حکمران صرف اپنی ذات کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں جبکہ عام عوام کا کوئی پرسانِ حال نہیں، تاہم وہ سرداری نظام کی مخالفت جاری رکھیں گے اور اس کے خلاف مکمل دستاویزات کے ساتھ اسمبلی میں قرارداد پیش کریں گے۔ کوئٹہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے صوبے کی مجموعی صورتحال، بدامنی اور مہنگائی پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں سے بسوں کو مسافروں سمیت اٹھا کر لے جایا جاتا ہے اور کوئی روکنے والا نہیں ہے، جبکہ اسمبلی میں قراردادیں تو پیش کی جاتی ہیں مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ انہوں نے دوٹوک مقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ چاہے کوئی بھی ان کی مخالفت کرے وہ سرداری نظام کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے اور جلد مکمل دستاویزات کے ساتھ اس نظام کے خلاف

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



اسلام آباد: پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ اور دیگر حکام کا گروپ

کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیرِ صدارت شہر میں ٹریفک کے نظام اور تجاوزات کے خاتمے کا اہم اجلاس

*ژوب روڈ پر امداد چوک سے اکرم ہسپتال تک تمام موٹر سائیکل اسٹینڈز اور غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ویسٹ محمد حنیف، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ شیر دل خان بلوچ سمیت ٹریفک پولیس، پی پی پی، انجینئرنگ بیورو اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کے مسائل، غیر قانونی پارکنگ، سڑکوں پر قائم تجاوزات اور ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے اب تک کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ زرغون روڈ پر امداد چوک سے اکرم ہسپتال تک تمام موٹر سائیکل اسٹینڈز اور غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، جبکہ ہسپتالوں کے دوروں کے دوران پارکنگ کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ہسپتالوں

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

خیبر میں پولیس کارروائی، اہم دہشتگرد کمانڈر سیف اللہ مارا گیا

پشاور (جی این ایم) خیبر کے علاقے باڑہ میں پولیس کارروائی کے دوران اہم دہشتگرد کمانڈر سیف اللہ ہلاک ہوگیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وقار احمد کے مطابق تھانہ باڑہ کی حدود شیخان پل میں دہشتگرد کمانڈر کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے کارروائی کی، اس دوران پولیس اور دہشتگرد کمانڈر کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں کمانڈر سیف اللہ مارا گیا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ ہلاک دہشتگرد ضلع خیبر میں تھانہ علی مسجد کے حدود میں متعدد بم دھماکوں اور پولیس چیک پوسٹوں پر حملوں کے مقدمات میں نامزد اور سی ٹی ڈی کو مطلوب تھا۔ ڈی پی او کے مطابق ہلاک کمانڈر حال ہی میں افغانستان سے ضلع خیبر منتقل ہوا تھا

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 5 پر)

شمالی وزیرستان میں گرینڈ آپریشن، 12 سال بعد تجاوزات کے خلاف کارروائیاں

میران شاہ (جی این ایم) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں 2014 کے بعد پہلی مرتبہ تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع کر دیا گیا، جہاں سرکاری اراضی واگزار کرانے اور عوامی راستوں کی بحالی کیلئے عملی اقدامات کا آغاز ہوگیا ہے۔ بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت 2014 کے بعد پہلی مرتبہ میر علی میں تجاوزات کے خلاف منظم کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے۔ صوبائی حکومت کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے متحرک ہوگئے ہیں، جبکہ سرکاری اراضی واگزار کرانے اور عوامی مقامات کی بحالی کے لئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ کارروائی کا مقصد سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی تجاوزات کا

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاک فوج کا ضلع باغ میں مفت ویٹرنری کیمپ، ایک ہزار سے زائد جانوروں کا معائنہ

باغ (جی این ایم) پاک فوج نے دفاعِ وطن کے ساتھ فلاحی سرگرمیوں کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، ضلع باغ کے دورافتادہ علاقے کوٹھیاں میں جانوروں کے تحفظ کے لئے مفت ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ آزاد جموں وکشمیر کے ضلع باغ کے دورافتادہ علاقے کوٹھیاں میں پاک فوج کے زیر اہتمام مفت ویٹرنری کیمپ منعقد کیا گیا، پاک فوج کی ویٹرنری ٹیم نے کیمپ کے دوران مقامی افراد کے مال مویشیوں کا تفصیلی طبی معائنہ کیا، جبکہ مجموعی طور پر ایک ہزار 35 جانوروں اور پرندوں کا چیک اپ کیا گیا اور حفاظتی ٹیکے لگائے گئے۔ کیمپ میں 150 بھینسوں، 165 گائے، 315 بھیڑوں، 245 بکریوں، 45 مال

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسلام آباد سیف سٹی اتھارٹی کے اثاثوں کو نقصان پہنچانا قابلِ سزا جرم قرار

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت میں نافذ کیپٹل سیف سٹی اتھارٹی آرڈیننس 2026 کے تحت سیف سٹی اتھارٹی کے اثاثوں، آلات، نگرانی کے نظام یا دیگر تنصیبات کو نقصان پہنچانا، تباہ کرنا یا ہٹانا قابلِ سزا جرم قرار دے دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ان تنصیبات میں ردوبدل، مداخلت، غلط استعمال یا ان کے کام میں رکاوٹ ڈالنا بھی جرم تصور ہوگا، جس پر کم از کم 2 سال قید، 2 لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔ آرڈیننس کے مطابق کوئی بھی شخص قانونی اجازت کے بغیر اتھارٹی کی ملکیت، زیرِ انتظام یا کنٹرول میں موجود کسی اثاثے، آلات، سی سی ٹی وی نگرانی کے نظام،

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

ترجیلا ڈیم کے ان ٹیک میں خرابی، حفاظتی اقدامات کے تحت ٹنل نمبر 5 میں آمدورفت بند

ہری پور (جی این ایم) ترجیلا ڈیم کے توسیعی منصوبے کے ان ٹیک میں خرابی کے بعد حفاظتی اقدامات کے تحت ٹنل نمبر 5 میں آمدورفت پر بندکردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ترجیلا ڈیم کے پانچویں توسیعی منصوبے کے ان ٹیک میں خرابی کے بعد ان ٹیک میں سوراخ بند کرنے کے لیے کام جاری ہے جہاں ہیوی واٹر پمپس کے ذریعے پاور ہاؤس سے پانی نکالا جارہا ہے۔ واپڈا ذرائع کے مطابق پانی کا اخراج روکنے کیلئے ٹنل نمبر 5 کے سامنے ہیوی گیٹ لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور حفاظتی اقدامات کے تحت ٹنل نمبر 5 میں آمدورفت بند کردی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہیکہ ترجیلا ڈیم میں حفاظتی اقدامات کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے۔ خرابی کے بعد حفاظتی اقدامات

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

یورپی یونین کا بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کیلئے 5 کروڑ یورو مختص کرنے کا اعلان

برسلز (جی این ایم) یورپی کمیشن کی صدر نے بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کیلئے 5 کروڑ یورو مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یورپی یونین نے رومانیہ اور بلغاریہ میں بحری نگرانی اور معلومات کے تبادلے کیلئے مشترکہ سلامتی مرکز قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ یورپی یونین نے بحیرہ اسود میں آزادانہ بحری آمدورفت یقینی بنانے اور تجارتی راستوں کے تحفظ پر زور دیا ہے۔ یورپی کمیشن کی صدر نے بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کیلئے 5 کروڑ یورو مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یورپی یونین نے رومانیہ اور بلغاریہ میں بحری نگرانی اور معلومات

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

صحبت پور میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقوم میں مبینہ غیر قانونی کٹوتیوں کا انکشاف

فی مستحق خاتون 2 ہزار روپے کٹوتی اور بغیر رسید رقم کی ادائیگی، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بن گئے

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور بھر میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی امدادی رقوم کی تقسیم کے عمل میں مبینہ بدعنوانی اور غیر قانونی کٹوتیوں کے باعث مستحق، نادار اور بیوہ خواتین شدید ذہنی اذیت اور مالی نقصان سے دوچار ہو رہی ہیں۔ مقامی ذرائع اور متاثرہ خواتین کی جانب سے سامنے آنے والی تفصیلات کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر صحبت پور کے ٹان روڈ، کوئٹہ روڈ، ضلع کونسل روڈ، پرانی سبزی منڈی سمیت تحصیل پہنور، سنہڑی اور تحصیل ماتھجی پور میں قائم ادائیگی مراکز اور دکانوں پر ایجنٹوں کی جانب سے فی مستحق خاتون مبینہ طور پر 2 ہزار روپے تک کی غیر قانونی کٹوتی کی جارہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق خواتین کو رقم کی ادائیگی کے وقت باقاعدہ کمپیوٹرائزڈ پرچی یا رسید فراہم کرنے کے بجائے زبانی طور پر کم رقم تھما دی جاتی ہے، جس سے غریب اور ان پڑھ خواتین کو ان کے پورے حق سے محروم کیا جارہا ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے اس صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ اس مبینہ لوٹ مار میں مقامی سطح پر

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت محمد بخت کاکڑ نواں کلی فیروز ٹیوہ میں شمولیت تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

اوستہ محمد میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو یقینی بنایا جائے: ڈی جی

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل، امن وامان اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی شہری سہولیات کی فراہمی امن وامان کی صورتحال اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں خصوصی طور پر بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت اُستا محمد شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر شہر کے وسط سے گزرنے والی خانپور ڈسٹری بیوٹری کے دونوں اطراف ڈرینج نالوں کی تعمیر کے مجوزہ منصوبے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کو بتایا گیا کہ مذکورہ مقام پر ڈرینج نالوں کی تعمیر کے دوران زیر

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

لورالائی میں آئی ٹی ہب کی تکمیل اور تربیتی کورس کا معائنہ

آئی ٹی ہب کا قیام نوجوانوں کے لیے اہم پیشہ ورانہ پیش رفت ہے، گفتگو

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے آئی ٹی ہب لورالائی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے منصوبے کی مجموعی تکمیل، تعمیراتی وتزئین وآرائش کے کاموں، دستیاب سہولیات اور افتتاحی تقریب کے سلسلے میں کیے جانے والے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر متعلقہ حکام اور عملے کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو آئی ٹی ہب میں فراہم کی جانے والی سہولیات، زیر تکمیل کاموں اور آئندہ کے تربیتی پروگراموں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامات کا جائزہ لیا اور اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ سابقہ انسپکشن ٹیم کی جانب سے نشاندہی کی گئی تقریباً تمام خامیوں اور کمیوں کو دور کر دیا گیا ہے، جبکہ باقی ماندہ امور بھی آئندہ دو روز میں مکمل کر لیے جائیں گے ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ افتتاح سے قبل تمام ضروری انتظامات کو ہر لحاظ سے مکمل کیا جائے، دستیاب سہولیات کو فعال بنانے، صفائی ستھرائی، نظم وضبط اور تکنیکی آلات کی فعالیت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ آئی ٹی ہب کو بہترین معیار

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے رہنماء یونس بلوچ، عبدالفتاح جمالی اور چوہدری شبیر ملاقات کررہے ہیں

مودی سے سوال کرنے والی ناروے کی صحافی کا بھارتی ویزا پرواز سے چند منٹ قبل منسوخ

اسلام آباد (جی این ایم) ہیلے لِنگ 12 سے 14 نومبر تک تلنگانہ حکومت کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی تقریب 'بھارت سمٹ' میں شرکت کے لیے جنوبی بھارتی شہر حیدرآباد کا سفر کرنے والی تھیں، جہاں انہیں 'میڈیا کا مستقبل' کے موضوع پر ایک پینل میں اظہار خیال کرنا تھا۔ ان کے پاس سمٹ میں شرکت کے لیے بھارت میں داخلے کا مجاز ویزا موجود تھا تاہم جب وہ ہوائی اڈے کے لیے روانہ ہونے والی تھیں، تو ناروے میں بھارتی سفارت خانے سے انہیں ایک فون کال موصول ہوئی۔ ان کے مطابق انہیں فون پر بتایا گیا کہ ان کا ویزا منسوخ کر دیا گیا ہے اور وہ بھارت کا سفر نہیں کرسکتیں۔ بعدازاں انہیں ویزا

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستانی خلاباز چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونیوالے پہلے غیر ملکی خلاباز بنیں گے، چینی سفارتخانہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستانی خلاباز چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونے والے پہلے غیر ملکی خلا باز بنیں گے۔ اسلام آباد میں چینی سفارتخانے کے ترجمان کے مطابق چینی وزارت خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ پاکستانی خلاباز کی چین کے خلائی جہاز میں شمولیت ہوگی، یہ چین کے انسانی خلائی پروگرام کی تاریخ میں چینی اور غیر ملکی خلا بازوں کا پہلا مشترکہ خلائی مشن ہوگا۔ چینی سفارتخانے کے مطابق یہ تاریخی مشن پاکستان اور چین کی نسل در نسل قائم دوستی کو مزید مضبوط بنائے گا، نوجوان نسل کے لیے نئی تحریک اور سائنسی میدان میں آگے بڑھنے کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ دونوں ممالک کے درمیان سائنسی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایل پی جی خریداری کے، ٹینڈرز جاری عوام کیلئے ریلیف کی امید

لاہور (جی این ایم) مہنگی ایل پی جی سے پریشان عوام کیلئے ریلیف کی امید پیدا ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق سوئی سدرن کی ذیلی کمپنی نے ایل پی جی خریداری کے لئے ٹینڈرز جاری کردیئے، جس کے تحت 70 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی درآمد کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ایل پی جی کی خریداری کے لئے ایک ٹینڈر 20 ہزار اور دوسرا 50 ہزار میٹرک ٹن کا ہے، پی ایس او اور پاراکو بھی عالمی مارکیٹ سے ایل پی جی خریدیں گے۔ ذرائع کے مطابق درآمدی ایل پی جی لے کر آنے والے جہاز 15 روز میں پاکستان پہنچنے کی توقع ہے، عالمی قیمتوں کے حساب سے درآمدی ایل پی جی 450 روپے فی کلو پڑنے کا امکان

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی میں گیس کی قلت، شہری لکڑی پر کھانا پکانے پر مجبور

کراچی (جی این ایم) کراچی میں گیس کی قلت اور ایل پی جی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق گھروں میں کھانا پکانے کیلئے گیس دستیاب نہ ہونے پر شہری لکڑی استعمال کرنے لگے، جس کے باعث لکڑی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کی عدم دستیابی اور ایل پی جی مہنگی ہونے کے باعث شہری متبادل ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ کئی گھروں میں کھانا پکانے کیلئے لکڑی کا استعمال شروع کردیا گیا ہے، جس سے لکڑی کی طلب میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ طلب بڑھنے کے بعد لکڑی فروخت کرنے والوں نے قیمتوں میں 5 سے 10 روپے فی کلو اضافہ کردیا ہے، جس کے بعد لکڑی کی قیمت 35 سے 40 روپے فی کلو

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

جامعہ گوادر میں اعلیٰ تعلیم وتحقیق کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ASARB اجلاس میں گریجویٹ پالیسی کی منظوری اور نئے تعلیمی پروگرامز پر غور

ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا اہم اجلاس

تعلیمی اداروں میں نظم وضبط، اساتذہ اور طلبہ کی حاضری اور معیاری تعلیم کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے، منور حسین مگسی

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تعلیمی نظام کی بہتری اور طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خلیل احمد ٹکٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انجینئر نجم الدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر احمد خان، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گلستان حفیظ اللہ پیرعلیزئی، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان، ترقی فاؤنڈیشن کے ایجوکیشن آفیسر نور خان کاکڑ، ایجوکیشن آفس کے سپرنٹنڈنٹ جعفر خان سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ اور طلبہ کی حاضری، تعلیمی معیار، اداروں کو درپیش مسائل اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی میں بہتری، تدریسی عمل کو مزید مؤثر بنانے اور طلبہ کے لیے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)



ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر الیکشن کمیشن برہم، عطا تارڑ پر سزا کی تلوار لٹکنے لگی

وزیر نے ضابطے کی خلاف ورزی کی، 2 سال سزا ہوسکتی ہے، الیکشن کمیشن کے حکومت سے متعلق سخت ریمارکس

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں گوجرانوالہ کے ضمنی انتخابات کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کی۔ سماعت کے دوران چیف الیکشن کمشنر نے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہیلی کاپٹر پر حلقے کے دورے اور عوامی اجتماع سے خطاب پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے اس کیس کی سماعت کی، اس دوران الیکشن کمیشن کے اسپیشل سیکرٹری نے موقف پیش کیا کہ وزیر اطلاعات نے انتخابی مہم کے دوران ضابطہ اخلاق اور الیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی کی ہے، جس پر کمیشن قوانین کے تحت دو سال تک کی سزا سنا سکتا ہے۔ سماعت کے دوران چیف الیکشن کمشنر نے وزیر اطلاعات کی ذاتی حیثیت میں پیش نہ ہونے پر بھی سوال اٹھایا، جس پر عطا تارڑ کے وکیل سجیل سواتی نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی وزیر اس وقت ایک سرکاری غیر ملکی دورے پر ہیں۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے کہا کہ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے انتخابی مہم کے دوران ہیلی کاپٹر پر حلقے کا دورہ کیا اور عوامی اجتماع سے خطاب کیا، وزیر اطلاعات نے الیکشن ایکٹ اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی، الیکشن کمیشن دو سال تک کی سزا سنا سکتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن وزیر اعظم اور حکومت کو احکامات جاری کر سکتا ہے، حکومت الیکشن کمیشن کو ہدایات نہیں دے سکتی، وفاقی حکومت اسلام آباد بلدیاتی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

غزہ پر اسرائیلی فضائی حملوں میں 6 فلسطینی شہید، 20 زخمی ہوگئے

اسرائیلی فورسز کا اسپتال میں ٹارگٹ کلنگ کی کارروائی کا اعتراف

غزہ (جی این ایم) غزہ پر اسرائیلی فضائی حملوں میں 6 فلسطینی شہید، 20 سے زائد زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق غزہ میں اسرائیلی فوج کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ہ کی شہری دفاعی سروس کے ترجمان نے کو بتایا کہ جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں نصیر اسپتال کی عمارت پر اسرائیلی فضائی حملے میں 6 افراد شہید اور 20 زخمی ہوگئے۔ ترجمان کے مطابق حملہ جمعرات کی صبح سویرے کیا گیا۔ غزہ کی شہری دفاعی سروس کے ترجمان محمود باسل نے بتایا کہ اسرائیلی فضائی حملے میں اسپتال کے سرجری ڈیپارٹمنٹ کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر نقصان ہوا۔ جس سے عمارت کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا، طبی عملے نے شہید ہونے والے سرجن کی شناخت رزق ابوشعیرہ کے نام سے کی ہے۔ غزہ اسپورٹس کلب کے 20 سالہ گول کیپر محمود عبدالمالک بھی فضائی حملے میں شہید ہوئے۔ اسرائیلی فورسز نے اسپتال میں ٹارگٹ کلنگ کی کارروائی کا اعتراف بھی کیا ہے۔ غزہ کے محکمہ صحت کے حکام کے مطابق جنگ بندی معاہدے کے

امر بالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیو زافغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2453865 , 081-2820055
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

امریکہ ایران مذاکرات

اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان کم وبیش تین گھنٹے طویل مثبت اور نتیجہ خیز مذاکرات ہوئے۔ امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ''ایکس'' پر لکھا کہ امریکی اور ایرانی وفود کے درمیان دن بھر ثالثوں کے ذریعے رابطے جاری رہے، مذاکرات کا ایک دور مکمل ہو گیا ہے اور ا؟ مید ہے کہ یہ بات چیت تعمیری اور مثبت ثابت ہو گی۔ وِٹکوف نے واضح کیا کہ دونوں وفود کے درمیان براہِ راست مذاکرات کے بجائے ثالثوں نے دونوں فریقوں کے درمیان پیغام رسانی کا کام کیا، ثالث اپنا کام جاری رکھیں گے۔ مذاکرات کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وہ بہت اچھا محسوس کر رہے ہیں۔ اُن کے مطابق جیرڈ کشنر اور سٹیو وِٹکوف اِس ٹیم کا حصہ تھے جس نے ایرانی وفد سے ملاقات کی۔ اُنہوں نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی (یو این جی اے) سے خطاب کرتے ہوئے اِس اُمید کا اظہار بھی کیا کہ مڈٹرم الیکشن کے بعد تہران کے ساتھ معاہدہ ہو جائے گا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایران ایک عظیم ملک بن سکتا ہے تاہم یہ فیصلہ اُنہوں نے کرنا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ کیا جائے یا اُسے مکمل طور پر تباہ کر دیا جائے، ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہو گا اِس سے پہلے کہ دیر ہو جائے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے تصدیق کی کہ وزیر خارجہ عباس عراقچی نے یو این جی اے کے موقع پر امریکی خصوصی نمائندے سٹیو وٹکوف سے اُن کی درخواست پر ملاقات کی۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق عراقچی نے آبنائے ہ؟رمز کو دوبارہ کھولنے کے لئے ایرانی شرائط پیش کر دیں جس میں منجمد اثاثوں کا فوری اجراء ؔ، بحری ناکہ بندی اور لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران نے واضح کیا کہ آبنائے ہ؟رمز کو دوبارہ کھولنے کے لئے اِن شرائط پر عملدرآمد ضروری ہے۔ اقوامِ متحدہ کے اجلاس کے موقع پر امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان طویل مذاکرات کی خبر ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب دنیا شدید ترین معاشی، سفارتی اور توانائی بحران کا شکار ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے ایران کے ساتھ جاری بات چیت کو مثبت قرار دینا اور جلد دوسری ملاقات کا اعلان کرنا اِس بات کا واضح ثبوت ہے کہ کشیدگی اور حرب وضرب کے کٹھن راستوں کے بعد بالآخر سفارت کاری ہی واحد اور مؤثر حل کے طور پر سامنے آ رہی ہے۔ امریکی صدر نے اگرچہ اپنے خطاب میں جہاں ایران کے ساتھ ممکنہ معاہدے کا ذکر کیا وہاں اُس کے خلاف سخت لہجہ اپناتے ہوئے انتباہ بھی کیا لیکن یہ حقیقت خوش آئند ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان بات چیت چل رہی ہے۔ پوری دنیا بالخصوص عالمی معیشت اور توانائی کی منڈیاں اِس وقت انتہائی نازک موڑ پر کھڑی ہیں۔ آبنائے ہ؟رمز کی ناکہ بندی اور آزادانہ بحری نقل وحمل میں رکاوٹ کے باعث خام تیل کی قیمتیں انتہائی بلند سطح پر ہیں جو غیر معمولی گرانی کا سبب بن رہی ہیں، اِن قیمتوں کا سب سے زیادہ خمیازہ دنیا کے غریب اور ترقی پذیر ممالک کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ متعدد کمزور معیشتیں تیل کی غیر معمولی قیمتوں کے باعث دیوالیہ پن کے دہانے پر ہیں کیونکہ اُن کا تجارتی خسارہ اُن کے قابو سے باہر ہو چکا ہے۔ مذاکرات کے راستے میں اگرچہ کئی پیچیدہ چیلنج موجود ہیں، دونوں اطراف سے سخت بیانات کا سلسلہ بھی تاحال جاری ہے تاہم ایرانی حکام کی طرف آبنائے ہ؟رمز کو کھولنے اور معاشی ناکہ بندی کے خاتمے کی شرائط کا پیش کیا جانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ فریقین ایک دوسرے کے تحفظات سے آگاہ ہیں اور درمیانی راستے کی تلاش جاری ہے۔ واشنگٹن اور تہران جامع اور پائیدار معاہدے پر متفق ہو جاتے ہیں تو خام تیل کی سپلائی لائن بحال ہونے سے تیل کی قیمتوں میں کمی دیکھنے کو ملے گی اور پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کے خزانوں پر پڑنے والے زرِمبادلہ کے غیر معمولی بوجھ میں کمی آ سکے گی۔ دنیا اُمید ہی پر قائم ہے، تاریخ گواہ ہے کہ سنگین سے سنگین ترین تنازعات کا حتمی تصفیہ بالآخر میز پر بیٹھ کر ہی ہوا۔ اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر شروع ہونے والا یہ سفارتی عمل ایک تاریخی موڑ ثابت ہو سکتا ہے لیکن اُس کے لئے فریقوں کو لچک پیدا کرتے ہوئے بصیرت اور ذمہ داری سے کام لینا ہو گا۔ مذاکرات کو سنجیدگی سے آگے بڑھایا جانا ناگزیر ہے۔ اُمید کی جا سکتی ہے کہ دوبارہ شروع ہونے والی یہ سفارتی کوشش دیرپا معاہدے پر منتج ہو گی اور دنیا بہت جلد سکون اور اَمن کا نیا سویرا دیکھے گی۔

ڈاکٹر اختر شمار، پھر تیری یاد آئی

نسیم شاہد

چند روز پہلے مجھے عزیزم اسامہ شفقت نے دو کتابیں دیں اور کہا انہیں آپ جانتے ہیں؟ وہ دو کتابیں ڈاکٹر اختر شمار کی تھیں میں نے کہا اسامہ یار یہ تو میرے بہت پرانے بلکہ بچپن ہی کہیں تو بے جا نہ ہو گا، کے دوست ہیں۔ ملتان میں عہدِ شباب میں ادب کی خوشہ چینی ہم نے اکٹھے ہی شروع کی تھی۔ اسامہ شفقت نے کہا ڈاکٹر اختر شمار کے بھانجے ظفر اقبال میرے کولیگ ہیں۔ انہوں نے یہ کتابیں دی ہیں اور کہا ہے میں ان پر ایک کالم لکھوں بے ساختہ میرے منہ سے نکلا ''جی بسم اللہ'' ایسے دوست کے بارے میں لکھنا تو عین خوش نصیبی ہے جواب اس دنیا میں نہیں ہے اور اس کی یادیں تازہ کریں تو اس سے بڑھ کر اور کیا بات ہو سکتی ہے۔ ڈاکٹر اختر شمار نے بہت کم عمر پائی۔ ان کے جانے کا وقت نہیں تھا کہ وہ اچانک چلے گئے، تاہم انہوں نے اپنی زندگی میں جتنا کام کیا وہ کسی معجزے سے کم نہیں، ایک ہی زندگی میں جب آپ متنوع کاموں کا ڈھیر لگا دیتے ہیں تو اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ اللہ نے آپ کو جو زندگی دی ہے، وہ اس کا ایک ایک لمحہ آپ کی دسترس میں دیا ہے، تاکہ آپ زیادہ سے زیادہ اس میں سے زندگی کشید کر سکیں۔ جو دو کتابیں اسامہ شفقت اور ظفر اقبال کے توسط سے مجھے ملیں، ان میں ایک ان کے کالموں کا مجموعہ ''جی بسم اللہ'' ہے اور دوسرا ''دھیان'' ہے، جو درحقیقت ان کے شعری کلام خصوصاً غزل کی ایک کلیات ہے، اختر شمار کی شاعری میں ایک وجد ہے، ایک خمار ہے، گداز پن ہے اور محبت کو پانے کی لگن ہے۔ کھرا، سچا اور من میں ڈوبا ہوا لہجہ ان کے کلام کی پہچان ہے۔ ان میں جو زندگی گزارنے کا سلیقہ تھا، عاجزی و کرم تھا، وہ ان کی شاعری میں صاف جھلکتا ہے۔ مجھے ملتان میں رہنے والا اختر شمار یاد آتا ہے جو اس زمانے میں کچھ کچھ شرارتی، جملہ باز اور شغل میلے کو جنم دینے والا نوجوان تھا۔ ملتان میں اپنا نقش جمانے کے بعد وہ لاہور چلا گیا۔ پھر اس کی زندگی کامیابی کی تیز گام بن گئی۔ وہ قومی اُفق پر چمکنے والا اختر بن گیا۔ اس کے اختراعی ذہن نے اسے نت نئے زاویے دکھائے۔ لاہور جا کر پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے اردو اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ 1960ء ؔ میں جنم لینے والے ڈاکٹر اختر شمار نے ایک طرف تعلیم کے شعبے میں اپنا نام بنانا شروع کیا تو دوسری طرف ادب میں جھنڈے گاڑے۔ یہیں بس نہیں کیا بلکہ صحافت کے شعبے میں کالم نگاری کے ذریعے اپنے نقش جمائے تو دوسری جانب پاکستان کا پہلا ادبی اخبار بجنگ آمد بھی شائع کیا۔ سچی بات ہے ملک بھر کے ادیب وشاعر اس اخبار کا انتظار کرتے تھے۔ مجھے یہ جب بھی ڈاک کے ذریعے موصول ہوتا، اس کی دلچسپ خبریں، ادبی چٹکلے، ادبی سرگرمیوں کی رُوداد اسے پڑھے بغیر رہنے نہ دیتیں۔ یہ اخبار ڈاکٹر اختر شمار کا ون مین شو تھا۔ یعنی ایک شخص کتنے محاذوں پر سرگرم تھا اور ہر محاذ پر اپنا دائمی نقش چھوڑ رہا تھا۔

لاہور جیسے بڑے ادبی مرکز میں انہوں نے ایسا قدم جمایا کہ 1996ء ؔ میں حلقہ ارباب ذوق لاہور کے جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ اس حیثیت سے بھی انہوں نے اپنی بھرپور صلاحیتوں کو نمایاں کیا اور حلقہ ؔ ارباب ذوق کو بڑی کامیابی سے چلایا۔ دوسری طرف تعلیم کے شعبے میں ان کی خدمات کا دائرہ بھی وقت کے ساتھ ساتھ پھیلتا چلا گیا۔ لیکچرار اردو کی حیثیت سے محکمہ تعلیم میں شامل ہونے کے بعد ان کی زیادہ تر پوسٹنگ لاہور اور نواح کے کالجوں ہی میں رہی۔ پھر ایک دور ایسا آیا کہ انہیں محکمہ تعلیم حکومت پاکستان نے جامعہ الازہر مصر میں شعبہ اردو اور پاکستان سٹڈیز کی سربراہی کے لئے بھیج دیا۔ وہ پانچ سال تک وہاں رہے۔ وہاں رہ کر انہوں نے فروغِ اردو اور تحقیق وتنقید کے شعبوں میں گراں قدر کام کیا۔ پاکستان واپس آ کر انہوں نے لاہور کے مختلف کالج جائن کئے۔ وفات کے وقت تک وہ ایف سی کالج لاہور میں صدر شعبہ اردو کی حیثیت سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ ایف سی کالج یونیورسٹی کے شعبہ اردو کو انہوں نے ادب کا گہوارہ بنا دیا تھا، شہر اور بیرون لاہور سے وہ ادیبوں، شاعروں کو بلاتے، تقریبات ومشاعرے کرتے۔ شعبے کے طالب علموں کو اپنے عہد کے بڑے اہلِ قلم سے مکالمے کا موقع فراہم کرتے۔ اردو اور پنجابی کو انہوں نے اپنے ادبی اظہار کا ذریعہ بنایا۔ انہوں نے پنجابی میں کہانیاں، کالم لکھے، شاعری کی اور پنجابی ادب میں گراں قدر اضافے کئے۔ وہ نظم اور غزل کے شاعر تو تھے ہی تاہم ہائیکو جیسی صنف بھی شاعری کی اور ایک مجموعہ ''روشنی کے پھول'' دیا۔ انہیں قدرت نے بیک وقت تخلیق کی ہمہ جہت صلاحیتیں دی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تصانیف کی تعداد اور تنوع حیران کر دیتا ہے۔ یوں لگتا ہے انہیں لکھنے کے سوا اور کوئی کام ہی نہیں آتا تھا، حالانکہ انہوں نے بہت سے کام تعلیمی شعبے میں بھی کئے۔

صف اول کے اخبارات میں ان کے کالم چھپتے رہے، ہفت روزہ فیملی میگزین میں ان کا ادبی کالم چھپتا تھا، جس کا ادبی حلقوں میں انتظار کیا جاتا تھا۔ اختر شمار کی یہ دو کتابیں میرے سامنے آئیں تو گویا یادوں اور ان کے کمالات کا ایک روزن کھل گیا۔ ''جی بسم اللہ'' میں شامل کالم بہت متنوع اور دلچسپ موضوعات لئے ہوئے ہی ایک شگفتگی جو ان کی شخصیت میں ہمیشہ رہی وہ ان کالموں میں بھی نظر آتی ہے۔ ڈاکٹر صفدر محمود نے اس کتاب کا پیش لفظ لکھا ہے اور کیا خوب لکھا ہے۔ وہ لکھتے ہیں ''اگر کوئی لفظ، پیرایا مضمون انسان کے دل میں اتر جائے الفاظ خود بخود اندر سے نکلتے ہیں۔ ڈاکٹر اختر شمار کے یہ منتخب کام پڑھتے ہوئے کچھ ایسی واردات مجھ پر بیت گئی۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ ان کی تحریروں پر تصوف اور روحانیت کا رنگ نمایاں ہے اور ان میں ابدی سچائیاں جھلکتی ہیں جو بہرحال انسان کو متاثر کرتی ہیں''۔ دوسری کتاب دھیان ان کے شعری مجموعوں کسی کی آنکھ ہوئے ہم، یہ آغاز محبت ہے، جیون تیرے نام، ہمیں تیری تمنا ہے اور آپ سانہیں کوئی سے غزلیں شامل کی گئی ہیں، یوں اس کتاب سے ڈاکٹر اختر شمار کی غزل کے ارتقاء ؔ اور بدلتے ہوئے موضوعات کو جاننے میں مدد ملتی ہے۔ میرے نزدیک یہ دونوں کتابیں ڈاکٹر اختر شمار کو جاننے میں مدد دیتی ہیں اور میری لائبریری میں ان کی موجودگی ایک قیمتی اضافہ ہے۔

یہ کیسی شادی تھی۔۔۔۔۔؟

محمد افضل عاجز

ایک نوجوان ہیں مسٹر پتلو یہ پہلے یا آخری ٹک ٹاکر نہیں ہیں ان کے علاوہ بھی کافی سارے مسٹر گھپلو مسٹر فلاں اور مسٹر فلاں ٹک ٹاکر موجود ہیں ان میں زیادہ تر کم پڑھے لکھے نوجوان ہیں، جو ٹک ٹاک پر اپنی عجیب وغریب حرکات کی وجہ سے مشہور ہیں ہر وہ گفتگو جو آپ اپنے گھر میں بیٹھ کر بھی نہیں کر سکتے یہ لوگ ٹک ٹاک پر پورے زور شور سے کرتے ہیں۔ ان لوگوں میں عورت یا مرد کا کوئی فرق نہیں ہے، نوجوان لڑکیاں اور لڑکے ایسی ایسی حرکتیں اور گفتگو کرتے ہیں کہ الامان۔

مزید ظلم یہ ہے کہ یہ جس شہر یا علاقے میں جائیں وہاں کی انتظامیہ انہیں وفاقی وزیر جیسا پروٹوکول دیتی ہے اس پروٹوکول کی بنیادی وجہ صرف یہی ہے کہ ان کے پاس کروڑوں روپے ہیں اور یہ روپے انہیں انتظامیہ کی نظر میں ملک کی اہم شخصیات بنا دیتے ہیں ہمارے عوام دیوانہ وار ان کے آگے پیچھے دوڑتے بھاگتے ہیں جیسے یہ دہلی کے لال قلعے کو فتح کر کے آئے ہیں ابھی گزشتہ روز چکوال کے علاقے میں ایک ٹک ٹاکر کی شادی پر موسیقی کی تقریب ہوئی، جس میں ہزاروں لوگ تھے شادی کی انتظامیہ اور لوگوں کے درمیان ہاتھا پائی ہوگئی اس کی بنیادی وجہ سنگر پر لٹائے جانے والے ہزاروں کے نوٹ اور ڈالر تھے جنہیں لوٹنے اور چھیننے کیلئے لوگوں کے درمیان ہاتھا پائی ہوگئی اللہ کا شکر کے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، مگر دلچسپ بات یہ ہے کے اس ٹک ٹاکر کی شادی کے اِس فنکشن میں جو کچھ ہوا اُس کا ایک ایک ویڈیو کلپ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر لگا دیا اور اس دھینگا مشتی کو دکھانے پر بھی کروڑوں روپے کما لئے اندازہ کیجئے یہ لوگ کس قدر مکار اور چالاک ہیں، کیونکہ یہ جانتے ہیں عوام کو کیسے اُلو بنا کے پیسے کمائے جاسکتے ہیں یہ پہلا واقعہ نہیں ہے ٹک ٹاکر کے ایسے واقعات روزانہ سامنے آتے ہیں۔

ابھی تازہ واقعہ مسٹر پتلو کی شادی پر پیش آیا مسٹر پتلو سیالکوٹ کے ہیں اور خود بتاتے ہیں کہ وہ ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوئے زیادہ پڑھ لکھ بھی نہ سکے، مگر ٹک ٹاک نے انہیں نہ صرف شہرت دلائی، بلکہ کروڑوں روپے بھی دیئے اب ان کے پاس زندگی میں کام آنے والی ہر دنیاوی نعمت موجود ہے اگر کچھ نہیں ہے تو وہ شعور ہے یہ اب بھی ایک بدزبان اور جاہلانہ گفتگو میں اپنا ثانی نہیں رکھتے اس کی شہرت اور دولت کی وجہ ملک کی بڑی بڑی شخصیات اس کے ساتھ تعلقات کو اپنے لئے اعزاز سمجھتی ہیں، بڑی بڑی فلمی اداکارائیں اُس کے ساتھ ٹک ٹاک پر گفتگو کیلئے باقاعدہ درخواست کرتی رہتی ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ معروف اداکاراوں کو بھی یہ ایسے ڈیل کرتا ہے جیسے وہ اس کی ملازم ہوں۔

مسٹر پتلو کی تازہ واردات اس کی شادی کے حوالے سے سامنے آئی اس نے اعلان کیا کہ اس کی شادی پر فیصلہ ہو جائے گا کے شیر کون ہے مطلب یہ تھا کہ ان کی شادی کا ہجوم بتائے گا عوامی مقبولیت کس کی زیادہ ہے شادی کے موقع پر اگر مسٹر پتلو کچھ بھی نہ کرتے تو پھر بھی یہ ایک بڑی تقریب ہوتی، مگر اس نے اعلان کیا کہ قرعہ اندازی کے ذریعے وہ پچاس موٹر سائیکل لوگوں میں تقسیم کریں گے اور ساتھ دیگر مسٹر پتلو کے ساتھ بڑی شخصیات ہیں جن کے ساتھ مسٹر پتلو کے سوشل میڈیا کے ذریعے زیادہ سے زیادہ دولت کمانے کی پارٹنر شپ ہے اور اس وقت بھی وہ شخصیات مسٹر پتلو کو بچانے کیلئے مدد کر رہے ہیں حکومتی شخصیات اس معاملے میں اور لوگوں کی ہلاکت اور زخمی ہونے اور سرکاری املاک استعمال کرنے پر خاموش ہے۔ البتہ وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے اس واقع کے ذمہ دار مسٹر پتلو کے بارے میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے مقامی پولیس نے مسٹر پتلو اور دیگر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور مسٹر پتلو نے الزام لگایا ہے کہ اسے سی سی ڈی کے ذریعے مارنے کا پروگرام بن گیا ہے اور ممکن ہے اسے مار دیا جائے یا وہ خودکشی کر لیں، یعنی اس کے بیانات بتا رہے ہیں کے مسٹر پتلو ایک سادہ آدمی بالکل نہیں ہے بلکہ وہ اپنی چالاکی سے خود کو بچانے کیلئے بیان بازی کر رہا ہے حکومت پنجاب کو اس واقع کی مکمل انکوائری کرانا چاہئے اور اگر مسٹر پتلو گناہ گار ہے تو اسے سزا ملنی چاہئے، کیونکہ اگر اسے معاف کر دیا گیا تو کل کوئی اور مسٹر پتلو کسی بڑے سانحے کے ساتھ سامنے آئے گا۔

اس کی وجہ ایک تو اپنی شہرت کا سکہ بٹھانا اپنے مخالفین کو دکھانا کہ وہ کتنے مشہور ہیں لیکن ساتھ ہی اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ کیلئے زیادہ سے زیادہ ویڈیو بنانا اور ان کے ذریعے لاکھوں ویوز حاصل کرنا، یعنی ہزاروں ڈالر کا حصول تھا اور مسٹر پتلو نے لوگوں کی زندگیوں سے کھیل کر یہ ہدف مکمل کیا سوشل میڈیا کے مطابق اس کھیل میں مسٹر پتلو کے ساتھ بڑی شخصیات ہیں جن کے ساتھ مسٹر پتلو کے سوشل میڈیا کے ذریعے زیادہ سے زیادہ دولت کمانے کی پارٹنر شپ ہے اور اس وقت بھی وہ شخصیات مسٹر پتلو کو بچانے کیلئے مدد کر رہے ہیں حکومتی شخصیات اس معاملے میں اور لوگوں کی ہلاکت اور زخمی ہونے اور سرکاری املاک استعمال کرنے پر خاموش ہے۔ البتہ وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے اس واقع کے ذمہ دار مسٹر پتلو کے بارے میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے مقامی پولیس نے مسٹر پتلو اور دیگر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور مسٹر پتلو نے الزام لگایا ہے کہ اسے سی سی ڈی کے ذریعے مارنے کا پروگرام بن گیا ہے اور ممکن ہے اسے مار دیا جائے یا وہ خودکشی کر لیں، یعنی اس کے بیانات بتا رہے ہیں کے مسٹر پتلو ایک سادہ آدمی بالکل نہیں ہے بلکہ وہ اپنی چالاکی سے خود کو بچانے کیلئے بیان بازی کر رہا ہے حکومت پنجاب کو اس واقع کی مکمل انکوائری کرانا چاہئے اور اگر مسٹر پتلو گناہ گار ہے تو اسے سزا ملنی چاہئے، کیونکہ اگر اسے معاف کر دیا گیا تو کل کوئی اور مسٹر پتلو کسی بڑے سانحے کے ساتھ سامنے آئے گا۔

ٹرمپ، جنگ اور مہنگائی کا احساس!

چودھری خادم حسین

سیر صبح کے بعد جب دوست (محلے دار) پارک میں جمع ہوتے ہیں تو جہاں بھر کی گفتگو ہوتی ہے۔ موضوع کی کوئی قید نہیں لیکن عموماً حالات حاضرہ پر ہی بات ہوتی ہے۔ آج (جمعہ) صبح ٹرمپ ہی زیر بحث تھے جنہوں نے اب نئی ٹرمپنی (در فنطنی) چھوڑی ہے کہ اگر عوام نے انہیں ناپسند کر دیا تو وہ اسرائیل چلے جائیں گے اور وہاں جا کر وزیراعظم بن جائیں گے۔ اس پر گرہ لگائی گئی دنیا کی جان تو پھر بھی نہ چھٹے گی البتہ ٹرمپ کے دوست نیتن یاہو بے موت مارے جائیں گے اب تک نیتن یاہو ظلم کے سہارے فراڈ کے مقدمات سے بچے چلے آ رہے ہیں جواب شاید ممکن نہ ہو جیسے امریکہ میں ٹرمپ اور ان کے ساتھیوں کے خلاف محاسبے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ ٹرمپ کے خلاف تو خاتون کی بے حرمتی کے کیس کی سماعت بھی شروع ہونے کا امکان ہے جبکہ ان کے وزیر جنگ ہیگستھ کے خلاف ایوان نمائندگان میں باقاعدہ مواخذہ کی تاریخ پیش کر دی گئی ہے۔ وزیر جنگ نے اپنے ہی انداز میں جواب دیا ہے کہ وہ تحریک کا زور شور سے مقابلہ کریں گے۔

بات چلی تو اس حد تک آ گئی کہ ڈیموکریٹ کی دونوں ایوانوں میں واضح اکثریت سے حکمرانوں (ٹرمپ وغیرہ) کو کیا فرق پڑے گا جواب بھی ایران پر نئی حملوں کی تیاری کر رہے ہیں۔ امریکہ کے موقر اخبار نیویارک ٹائمز نے تو خبر دی ہے کہ اب تک اسرائیل اور ٹرمپ انتظامیہ نے باہمی طور پر طے کر لیا ہے کہ ایران پر درمیانہ اور شدید قسم کے حملے ہوں گے۔ عام حضرات کے لئے تعجب کی یہ بات ہے کہ امریکہ کے محکمہ جنگ نے مشرق وسطیٰ میں ایسا جدید ترین اسلحہ پہنچا دیا ہے جو ابھی تک کہیں بھی استعمال نہیں ہوا اس میں بغیر انسان کے ڈرون تو تھے ہی اب ایسی چھوٹی آبدوزیں بھی بھیجی گئی ہیں جو سمندر میں کسی انسان کے بغیر بیرونی کنٹرول سے کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ ادھر ایران کی طرف سے مسلسل خبردار کیا جا رہا ہے کہ اب حملہ ہوا تو خطے میں امریکی مفادات کو شدید نقصان پہنچائیں گے جبکہ اس کے ساتھ قطر کا وفد تہران میں موجود ہے اور جنگ بندی کے لئے کوشش کر رہا ہے جبکہ پاکستان مسلسل حالات میں شامل اور باخبر ہے۔ ٹرمپ صاحب نے حسب معمول دھمکیاں دینے کے ساتھ ساتھ یہ بھی اقرار کیا کہ فی الحال حملے کا کوئی ارادہ نہیں اور بالواسطہ مذاکرات جاری ہیں جن کا نتیجہ آنے پر ہی فیصلہ ہو گا، یوں امریکہ میں اتنی بڑی تبدیلی کے بعد بھی صدر ٹرمپ اپنی ضد پر قائم ہیں جبکہ اب تو امریکی نائب صدر نے بھی زبان کھول کر الزام تراشی کر دی ہے۔ جے ڈی وینس کا کہنا ہے کہ حملہ سے منع کیا گیا تھا لیکن نیتن یاہو کے اصرار پر ایسا کیا گیا۔ (امریکی صدر کے آئینی اختیارات کے حوالے سے وہ اب بھی بااختیار ہیں)

دوسری طرف حالات یہ ہیں کہ دنیا بھر نے سکھ کا سانس لیا، ٹرمپ کے مخالف اور حامی ان کی شکست سے مطمئن ہوئے کہ شاید وہ اب ان کی بات مان لیں اور دنیا میں امن ہو جائے اس سے عام آدمی کی مشکلات ختم یا کم ہوں گی، حتیٰ کہ جنگ کے حامی بھی اب اس سے گریزپا ہیں لیکن سپین جیسے ملک نے تو برملا ٹرمپ کی شکست پر اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے۔ زیر غور اور زیر بحث یہی بات تھی کہ ٹرمپ کو جب جنگی ضرورت کے لئے بجٹ نہیں ملے گا اور وزیر جنگ کو تو اب جلد ہی اخراجات کا حساب دینا ہو گا تو یقیناً جنگ جاری رکھنا مشکل ہو گا اور شاید اسی توقع کے ساتھ پٹرولیم کے نرخ گرے ہیں اور ہماری حکومت نے بھی مزید کمی کر دی ہے یہ تین روز میں تیسری بار کی گئی ہے اس سے حوصلہ پا کر ہی پاکستانی شہری مطالبہ کر رہے ہیں کہ پٹرول دو سو روپے فی لٹر اور ایل پی جی کی دستیابی یقینی بنا کر منافع خوروں کو لگام ڈالی جائے اور مہنگائی کم کی جائے۔

قارئین! یقیناً آپ حضرات بھی جہاں اور جیسے بیٹھے یا مصروف ہوں گے وہاں بھی اشیاء ضرورت وخوردنی کی قیمتوں میں اضافہ پر گفتگو ہوتی ہو گی، آج تو یہ عرض کرنے کی اجازت دیں اور جان کی امان دے دیں کہ اب تو چوتھی جماعت کے طالب علم بھی مہنگائی ہی کی بات کر رہے ہیں، میں نے دوستوں کو بتایا کہ میرا پوتا محمد اشعر عاصم چودھری سکول جاتے ہوئے گھر سے والدین کی طرف سے دی گئی اشیاء ؔ خورد لے کر جاتا ہے جبکہ ہفتے میں ایک روز اسے پیسے بھی دیئے جاتے ہیں کہ اس روز وہ سکول کینٹین سے اپنی پسند کی شے لے کر کھائے، اس بار صبح وہ میرے پاس آیا اور معمول کے مطابق پیسے طلب کئے۔ میں نے ایک سو، ڈیڑھ سو اور دو سو تک دینے کی کوشش کی تو اس نے انکار کر دیا اور ساڑھے تین سو روپے مانگے، جب میں نے لیت ولعل کیا تو وہ بولا! دادا ابو! اب مہنگائی بہت ہو گئی اور کینٹین سے بھی اشیاء ؔ مہنگی ملتی ہیں، سو بات یہ ہوئی کہ چھوٹے بچوں کو بھی گرانی کا احساس ہے۔ اسلم صاحب نے یہ کہہ کر بات ختم کر دی کہ ہم پرانے لوگ آؤٹ ڈیٹیڈ ہیں، اب تو جین زی کے بعد جین اے ٹو زی آ گئی ہے جسے اتنی چھوٹی عمر میں یہ احساس تنگ کر رہا ہے اس لئے ہمیں غور کرنا چاہیے۔

آبادی میں تیزی سے اضافہ قومی ایمرجنسی کی صورت اختیار کرچکا، احسن اقبال

این ایف سی ایوارڈ کو ترقی کے اشاریوں سے منسلک کرنے کی ضرورت ہے، آبادی پر قابو پانا ملکی معاشی سلامتی، ترقیاتی اہداف کے حصول اور نئی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ناگزیر ہے

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مشترکہ حکمت عملی اور اجتماعی کوششیں اپنانا ہوں گی، وفاقی وزیر کا نیشنل پاپولیشن کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملک میں آبادی میں تیزی سے اضافہ ایک قومی ایمرجنسی کی صورت اختیار کر چکا ہے، اس خطرناک رجحان کو ہر صورت روکنا ہوگا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے نیشنل پاپولیشن کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 1980 کے بعد آبادی میں اضافے کی شرح کم ہو کر 2.4 فیصد تک آ گئی تھی، تاہم 2023 کی مردم شماری میں یہ شرح دوبارہ بڑھ کر 2.55 فیصد تک پہنچ گئی ہے جو انتہائی تشویشناک ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ آبادی میں اضافے کے اس خطرناک رجحان کو ہر صورت روکنا ہوگا کیونکہ آبادی کے اعداد و شمار محض نمبر نہیں بلکہ قومی وسائل کے مستقبل سے جڑے ہوئے ہیں۔ احسن اقبال نے معاشی اثرات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر ملکی ترقی کی شرح 5 فیصد ہو اور آبادی میں اضافہ 2.5 فیصد کی رفتار سے ہو تو حقیقی ترقی محض ڈھائی فیصد رہ جاتی ہے، اور اس صورتحال میں شہریوں کو تعلیم، صحت اور روزگار کی فراہمی انتہائی مشکل ہو جائے گی۔ وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ قومی وسائل کی تقسیم کا 82 فیصد حصہ آبادی سے منسلک ہونا حوصلہ افزائی کے اصولوں کا تضاد ہے، اس لئے این ایف سی ایوارڈ کو ترقی کے اشاریوں سے منسلک کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کہنا تھا کہ آبادی کا مسئلہ براہِ راست بچیوں کی تعلیم، خواتین کی معاشی خودمختاری اور سماجی شعور سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آبادی پر قابو پانا ملکی معاشی سلامتی، ترقیاتی اہداف کے حصول اور نئی نسلوں کے بہتر مستقبل کے لیے ناگزیر ہے، جس کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مشترکہ حکمت عملی اور اجتماعی کوششیں اپنانا ہوں گی۔

ڈی آئی خان، دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرادی

صوابی میں شرپسندوں کی فائرنگ سے چوکی انچارج سمیت 2 اہلکار شہید، ایک زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرادی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم دہشتگردوں نے بند کرائی پولیس اسٹیشن کے گیٹ پر بارودی پک اپ گاڑی ٹکرائی اور فائرنگ بھی کی۔ پولیس نے بتایا کہ دھماکے کے نتیجے میں تھانے کا گیٹ، دیوار اور قریبی مسجد کو نقصان پہنچا جبکہ اطراف کے گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے۔ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس کے مطابق پولیس اہلکاروں کی بھرپور جوابی فائرنگ کے باعث دہشتگرد تھانے کی حدود میں داخل نہ ہو سکے اور پسپا ہو کر فرار ہوگئے۔۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے ملزمان کی گرفتاری کے لئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔ دوسری جانب صوابی میں نامعلوم شرپسندوں کی پولیس پر فائرنگ سے چوکی انچارج سمیت 2 اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) صوابی وقاص رفیق کے مطابق گزشتہ رات پولیس چوکی منصوری کے حدود میں نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے پولیس پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں چوکی انچارج ولید خان سمیت 2 اہلکار شہید جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ نعشوں اور زخمی پولیس اہلکار کو باچا خان میڈیکل کمپلیکس منتقل کردیا گیا، پولیس کا علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرادی۔ دوسری جانب صوابی میں نامعلوم شرپسندوں کی پولیس پر فائرنگ سے چوکی انچارج سمیت 2 اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) صوابی وقاص رفیق کے مطابق گزشتہ رات پولیس چوکی منصوری کے حدود میں نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے پولیس پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں چوکی انچارج ولید خان سمیت 2 اہلکار شہید جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ نعشوں اور زخمی پولیس اہلکار کو باچا خان میڈیکل کمپلیکس منتقل کردیا گیا، پولیس کا علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ سے ٹکرادی۔ دوسری جانب صوابی میں نامعلوم شرپسندوں کی پولیس پر فائرنگ سے چوکی انچارج سمیت 2 اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) صوابی وقاص رفیق کے مطابق گزشتہ رات پولیس چوکی منصوری کے حدود میں نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے پولیس پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں چوکی انچارج ولید خان سمیت 2 اہلکار شہید جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ نعشوں اور زخمی پولیس اہلکار کو باچا خان میڈیکل کمپلیکس منتقل کردیا گیا، پولیس کا علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں نے بارودی مواد سے بھری گاڑی پولیس اسٹیشن کے گیٹ

ربیعہ احسن قتل کیس، پولیس ملزم کو لیکر راولپنڈی پہنچ گئی

راولپنڈی (جی این ایم) خاتون اسٹنگر ربیعہ احسن قتل کیس میں پولیس ملزم احسن کو لیکر راولپنڈی واپس پہنچ گئی۔ ملزم احسن کو ڈی این اے اور پولی گرافک ٹیسٹ کے لئے لاہور لے جایا گیا تھا، ملزم احسن پولیس کے پاس چار دن کے ریمانڈ پر ہے اور جمعرات کو ریمانڈ کا تیسرا دن تھا۔ پولیس نے مقتولہ کے کاروباری روابط کی بھی چھان بین کا فیصلہ کیا ہے اور کاروباری مقاصد کے لئے استعمال کیا جانے والا موبائل فون فرانزک کے لئے بھجوا دیا گیا ہے۔ ملزم احسن کا ڈی این اے ٹیسٹ مکمل ہوگیا جبکہ پولی گرافک ٹیسٹ کے لئے فرانزک سائنس لیبارٹری میں لیٹر جمع کرا دیا گیا ہے، قتل سے منسلک سات شواہد کے پارسل بھی فرانزک سائنس لیبارٹری میں

دھمکیاں اور پابندیاں ایران کے میزائل پروگرام کو نہیں روک سکتیں، سربراہ پاسداران انقلاب

تہران (جی این ایم) ایران کی پاسدارانِ انقلاب کے کمانڈر ان چیف احمد وحیدی نے کہا ہے کہ ایران کا میزائل پروگرام دھمکیوں، دباؤ اور بین الاقوامی پابندیوں کے باوجود جاری رہے گا۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق ایرو سپیس ڈے کے موقع پر جاری اپنے ایک پیغام میں احمد وحیدی نے ایران کے بیلسٹک میزائل پروگرام کے بانی سمجھے جانے والے حسن طہرانی مقدم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ پاسداران انقلاب کی ایرو سپیس فورس کے اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آج بھی اسی جذبے کے ساتھ ملک کی دفاعی طاقت کو پہاڑوں کے اندر اور زیرِ زمین تنصیبات میں مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ احمد وحیدی کا کہنا تھا کہ دشمن کو معلوم ہونا چاہیے کہ شہید طہرانی مقدم کا راستہ دھمکیوں یا پابندیوں سے نہیں روکا جا سکتا۔

کراچی، کسٹمز کی کارروائی میں 3 کروڑ سے زائد مالیت کا بھارتی گٹکا برآمد

کراچی (جی این ایم) پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کلکٹریٹ کراچی نے انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت کارروائی کرتے ہوئے کاٹھور کے مقام پر ایک مشکوک کنٹینر سے بھاری مقدار میں بھارتی اسمگل شدہ گٹکا برآمد کرلیا۔ کسٹمز حکام کے مطابق خفیہ اطلاع پر کاٹھور کے مقام سے گزرنے والے مشکوک کنٹینر کو روک کر تلاشی لی گئی تو اس میں سے سفینہ برانڈ کے 12 ہزار 480 ڈبے بھارتی گٹکا برآمد ہوئے۔ کلکٹر انفورسمنٹ کراچی فرید سلارزئی کے مطابق برآمد ہونے والے گٹکے کی مالیت 3 کروڑ 47 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ حکام نے بھارتی گٹکے اور کنٹینر کو ضبط کرکے قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ فرید سلارزئی کے مطابق برآمد ہونے والے گٹکے کی مالیت 3 کروڑ 47 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ حکام نے بھارتی گٹکے اور کنٹینر کو ضبط کرکے قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ م کے مطابق خفیہ اطلاع پر کاٹھور کے مقام سے گزرنے والے مشکوک کنٹینر کو روک کر تلاشی لی گئی تو اس میں سے سفینہ برانڈ کے 12 ہزار 480 ڈبے بھارتی گٹکا برآمد ہوئے۔ کلکٹر انفورسمنٹ کراچی فرید سلارزئی کے

سکھر میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف سیپکو اور رینجرز کا مشترکہ آپریشن

متعدد افراد حراست میں، لاکھوں روپے کی ریکوری، غیر قانونی کنکشن منقطع

سکھر (پ ر) پاور ڈویژن اور سیپکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی خصوصی ہدایات پر بجلی چوری کے خاتمے اور واجبات کی وصولی کے لیے سیپکو سب ڈویژن اولڈ سکھر، گھوٹکی سرکل میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں سیپکو اور پاکستان رینجرز نے مشترکہ طور پر سکھر کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر آپریشن کیا، جس کے دوران بجلی چوری میں مبینہ طور پر ملوث متعدد افراد کو حراست میں لے لیا گیا، جبکہ لاکھوں روپے کے واجبات بھی وصول کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیپکو اور رینجرز کی مشترکہ ٹیموں نے بائی پاس شاہ کالونی، شاہراہِ شیر شاہ روڈ، جنات بلڈنگ، کڑی کوارٹرز سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے بجلی کے غیر قانونی کنکشنز، براہِ راست کنڈوں اور واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف سخت اقدامات کیے۔ آپریشن کے دوران نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کردیے گئے، جبکہ بجلی چوری کے لیے استعمال ہونے والی تاریں اور دیگر غیر قانونی کنکشنز بھی تحویل میں لے لیے گئے۔ کارروائی کے دوران بجلی چوری میں ملوث متعدد افراد کو حراست میں لیا گیا، جبکہ سیپکو ٹیموں کی جانب سے نادہندگان سے لاکھوں روپے کی ریکوری بھی کی گئی۔ حکام کے مطابق بجلی چوری اور واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث قومی خزانے اور بجلی کے نظام کو پہنچنے والے نقصان کے تدارک کے لیے ایسے آپریشنز مزید تیز کیے جائیں گے۔ مشترکہ آپریشن کی نگرانی ایس ڈی او سب ڈویژن اولڈ سکھر سید وقار شاہ کر رہے ہیں، جبکہ عقیل احمد دایو، الیاس، اکبر، لائن سپرنٹنڈنٹ (ایل ایس) اور سیپکو کا دیگر عملہ بھی کارروائی میں شریک ہے۔ آپریشن کے دوران پاکستان رینجرز کے افسران و اہلکاروں کے علاوہ تھانہ سی سیکشن پولیس کی معاونت بھی حاصل رہی، جس کے باعث مختلف علاقوں میں کارروائی مؤثر انداز میں مکمل کی گئی۔ سیپکو حکام کا کہنا ہے کہ بجلی چوری کے خاتمے، لائن لاسز میں کمی اور سرکاری واجبات کی وصولی کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، جبکہ بجلی چوری میں ملوث عناصر اور بلوں کی مسلسل عدم ادائیگی کرنے والے

پوسٹل لائف انشورنس کے پنشنرز اور ملازمین کی جمع پونجی ادائیگی میں تاخیر کا معاملہ عدالت پہنچ گیا

اسلام آباد ہائیکورٹ کا سیکرٹری وزیراعظم، وزارت مواصلات، خزانہ، کابینہ ڈویژن سمیت دیگر کو نوٹس، جواب طلب

اسلام آباد (جی این ایم) پوسٹل لائف انشورنس کے پنشنرز، بیوائں اور سرکاری ملازمین کی جمع پونجی کی ادائیگی میں تاخیر کا معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچ گیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سیکرٹری وزیراعظم، وزارت مواصلات، خزانہ، کابینہ ڈویژن سمیت فریقین کو نوٹس جاری کرکے جواب طلب کرلیا۔ جسٹس محمد ارباب طاہر نے پوسٹل لائف انشورنس فنڈز سے متعلق درخواست پر سماعت کی، جوڈیشل ایکوزم پینل کی جانب سے وکیل اظہر صدیق عدالت میں پیش ہوئے اور مقف اپنایا کہ پالیسی ہولڈرز کے تقریبا 48 ارب روپے کہاں گئے؟ وفاقی حکومت اور وزارت خزانہ جواب دیں، وفاقی وزیر مواصلات بھی تسلیم کر چکے ہیں کہ پالیسی ہولڈرز کی رقم وزارت خزانہ کے پاس ہے۔ پالیسی ہولڈرز کی رقم وفاقی حکومت کی آمدن نہیں بلکہ ان کی امانت ہے، درخواست میں آئین کے آرٹیکل 78 کا حوالہ دیا گیا اور پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈز کی منتقلی، استعمال اور موجودہ حیثیت کی مکمل تفصیلات عدالت میں طلب کرنے کی استدعا کی گئی، وکیل درخواست گزار نے کہا کہ آڈیٹر جنرل پاکستان کی خصوصی رپورٹ میں پوسٹل لائف انشورنس کی مالی اور انتظامی بے ضابطگیوں کی نشاندہی ہوئی، پالیسی ہولڈرز کے واجب الادا کلیمز کی ادائیگی کے لئے آزادانہ فرانزک آڈٹ کرانے کی استدعا کی اور کہا کہ انشورنس کلیمز 90 روز میں ادا نہ کرنا انشورنس آرڈیننس 2000 کی دفعہ 118 کے تحت قانونی سوال ہے، وکیل درخواست گزار وزارت خزانہ، وزارت مواصلات، پاکستان پوسٹ اور ایس ای سی پی کی ذمہ داریوں کا تعین کیا جائے، وفاقی کابینہ کے فیصلے، فنڈز کی منتقلی کے احکامات اور ایکچوریل ویلیوایشن ریکارڈ عدالت میں پیش کرنے کی استدعا کی گئی، عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔ فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

ناکہ بندیوں میں معاونت اعلانِ جنگ تصور ہوگی، ایران کا یورپ اور ہمسایہ ممالک کو انتباہ

محاصرے میں شامل ہونے والے ممالک کو اس کے سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے، محمد مخبر

تہران (جی این ایم) ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محمد مخبر نے خطے کے ہمسایہ ممالک اور دیگر بین الاقوامی فریقوں کو خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی قسم کی بحری یا معاشی ناکہ بندی میں معاونت کو اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا۔ محمد مخبر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ ایران کے مخالفین کی جانب سے عائد کردہ محاصرے میں شامل ہونے والے ممالک کو اس کے سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے۔ محمد مخبر نے اپنے بیان میں ایران کے مخالف بیانات اور دھمکیوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جو قوتیں ایران کو نقصان پہنچانے کی خواہش رکھتی ہیں، انہیں اب خود اپنے اقدامات کی بازگشت پورے خطے سمیت یورپ اور امریکا میں سنائی دے رہی ہے۔ انہوں نے مغربی ممالک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی مشکلات کے باعث پائے جانے والے عوامی اضطراب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اسے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جاری جنگ اور مختلف حکومتوں کی عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیا۔ ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر کا مزید کہنا تھا کہ دشمن کے ساتھ مل کر ایران کا معاشی محاصرہ کرنے کا کوئی بھی اقدام ایرانی قوم کی تاریخی یادداشت میں ہمیشہ کیلئے نقش ہو جائے گا۔

ملاقاتیں ہوتی رہنی چاہییں، غلط فہمیاں دور ہوں گی، قمر زمان کائرہ

بلاول بھٹو بھی کہتے ہیں کہ اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات ہونے چاہئیں، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ سیاسی ملاقاتیں ہوتی رہنی چاہئیں کیونکہ اس سے غلط فہمیاں دور ہوتی ہیں، بلاول بھٹو بھی کہتے ہیں کہ اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات ہونے چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اس وقت نئی آئینی ترمیم کے حوالے سے مختلف لوگ مختلف باتیں کر رہے ہیں جبکہ مریم نواز کابینہ اجلاس سے متعلق بیان کئی اشارے دیتا ہے، ہمارے ملک میں تبدیلیاں اکثر اسی طرح کے اشاروں سے ہوتی ہیں۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ جہاں نئے صوبوں کا مطالبہ موجود ہے وہاں نئے صوبے بننے چاہئیں، مسلم لیگ ن پنجاب میں نئے صوبے بنانا چاہتی ہے تو بنالے تاہم پیپلز پارٹی پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نئے صوبوں کا مطالبہ نہیں کر رہی۔ انہوں نے واضح کیا کہ جن اسمبلیوں نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قراردادیں منظور کی ہیں ان پر عمل درآمد ہونا چاہیے لیکن نئے صوبے عوام کی رائے ا

تجارتی بحالی سے متعلق کور کمانڈر کا بیان قابل تحسین ہے، سید امان شاہ

تجارتی سرگرمیوں کی بحالی سے معاشی استحکام اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی سے متعلق نئے کور کمانڈر کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے کور کمانڈر کی تعیناتی اور ان کی جانب سے صوبے میں تجارت و کاروبار کے فروغ کے عزم کا اظہار بلوچستان کے لیے ایک نیک شگون ہے۔ اس بیان سے تاجر برادری، کاروباری حلقوں اور عوام میں امید کی نئی فضا پیدا ہوئی ہے کہ صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کی بحالی، معاشی استحکام اور روزگار کے مسائل کے حل کے لیے مثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی عرصے سے تجارتی سرگرمیاں مختلف رکاوٹوں اور مشکلات کا شکار ہیں، جس کے باعث نہ صرف تاجر برادری اور کاروباری طبقہ متاثر ہوا ہے بلکہ ہزاروں خاندانوں کے روزگار اور معاشی حالات پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ تجارت کے محدود مواقع، کاروباری مشکلات اور معاشی سرگرمیوں میں کمی نے عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کیا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ نئے کور کمانڈر کی جانب سے تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کو اہمیت دینا ایک مثبت پیش رفت ہے۔ صوبے میں تجارت و کاروبار کے

موسمیاتی تبدیلی سے بچاؤ، سندھ میں مینگرووز کے جنگلات بحال کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ سندھ کی موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایات

کراچی (جی این ایم) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اقدامات تیز اور مستقبل کے خطرات کا مقابلہ کرنے کے قابل بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکریٹری آغا واصف، چیئرمین پی اینڈ ڈی نجم شاہ، سیکریٹری ماحولیات فیصل عقیلی، سیکریٹری توانائی شہاب انصاری، سی ای او سندھ پیپلز ہاسنگ فار فلڈ افیکٹیز خالد شیخ، چیف کنزرویٹر ریاض وگن، پراجیکٹ ڈائریکٹر سوئیپ عثمان معظم اور اسپیشل سیکریٹری توانائی اسلم سومرو شریک ہوئے۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ سندھ نے موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے جاری منصوبوں اور مستقبل کی ترجیحات کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے مستقبل کے موسمیاتی خطرات کا مقابلہ کرنے کے قابل بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مینگرووز کے جنگلات کی بحالی اور ساحلی علاقوں کے قدرتی تحفظ کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اجلاس میں بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے، آبپاشی کی کارکردگی بہتر بنانے اور آبی وسائل کے مؤثر استعمال پر زور دیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے موسمیاتی تبدیلی سے محفوظ اور پائیدار ترقی کے لیے تمام محکموں کو مل کر کام کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سیلاب سے بچاؤ، پانی کے تحفظ اور ماحول دوست ترقیاتی منصوبوں کو تیز کرنے کا حکم بھی

قومی وسائل لوٹنے والوں کو نشانِ عبرت بنایا جائے، رحیم کاکڑ

سپیرا راہ روڈ منصوبے میں تاخیر اور لاگت میں اضافے کی تحقیقات کرا کر بقایا کام ایف ڈبلیو او کے سپرد کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے وطن عزیز ریاست پاکستان کو لوٹنے والوں کے خلاف بھرپور کاروائی عمل میں لائی جائے ان کو نشان عبرت بنایا جائے ریاست پاکستان کے خلاف بکواس کرنے خاص کر ایچ ڈبلیو او کے کارکردگی پر حکومتی ذمہ داروں کی لب کشائی کی مذمت کرتے ہیں ریاست پاکستان صوبے میں گراں تعمیراتی خدمات سرانجام دینے والے ریاستی تعمیراتی ادارے ایف ڈبلیو او کے خلاف بکواس اور کمیشن کا مطالبہ کرنے والے کو فوری گرفتار کیا جائے انکی بداعمالی کو صوبے کے عوام کے سامنے لایا جائے ایف ڈبلیو او ایک قومی تعمیراتی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ صوبے کے طول و عرض میں روڈوں پلوں اور ڈیموں کی بہترین تعمیر پر بکواس کرنا قابل گرفت ہے بیان میں آئندہ صوبے کے تمام بڑ تعمیراتی کام ایف ڈبلیو او کے سوا کسی اور کرپٹ سیاسی تعمیراتی کمپنیوں کے خلاف فوری تحقیقات شروع کی جائے مثال کے طور پر سپیرہ راہ روڈ جو کہ 2010 سے لیکر اب تک کروڑوں کے کام کو اربوں تک پہنچانے والے سرکاری اور تعمیراتی کمپنی کے ارکان کے خلاف تحقیقات اور بقایا کام ایف ڈبلیو او کے سپرد کیا جائے ہم ایف ڈبلیو او کی کارکردگی کی حمایت کرتے ہیں۔ ایچ ڈبلیو او کے کارکردگی پر حکومتی ذمہ داروں کی لب کشائی کی مذمت کرتے ہیں ریاست پاکستان

مقبوضہ کشمیر، کولگام اور کشتواڑ میں حملے، دو پولیس اہلکار ہلاک، تین زخمی

سرینگر (جی این ایم) مقبوضہ کشمیر میں کولگام اور کشتواڑ اضلاع میں دو الگ واقعات میں دو پولیس اہلکار ہلاک جبکہ تین نیم فوجی اہلکار زخمی ہو گئے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق پولیس کا کہنا ہے کہ جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام کے علاقے نوپورہ اکھرن میں موٹر سائیکل سوار نامعلوم مسلح افراد نے سینٹرل ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف) کے ایک ناکے پر فائرنگ کی۔ حملے میں ہیڈ کانسٹیبل سومویر سنگھ، کانسٹیبل راکیش داس اور کانسٹیبل سنتوش چندرو زخمی ہو گئے۔ انھیں فوری طور پر گورنمنٹ میڈیکل کالج انت ناگ منتقل کیا گیا جبکہ ایک اہلکار کو نازک حالت کے باعث فضائی راستے سے سرینگر کے بادامی باغ آرمی ہسپتال منتقل کیا گیا۔

قومی شاہراہوں پر بدامنی کا نوٹس لیا جائے، ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری سہیل خان کاکڑ، جعفر خان کاکڑ، حاجی روزی خان مندوخیل، حاجی امین سومالانی، ملک نور خان کرد، حاجی داود خان کرد، عبدالمجید رئیسانی جبکہ آل بلوچستان منی مزدا گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین بابو جان رئیسانی، صدر لالا قدیم، جنرل سیکرٹری محمد یونس پٹھان، عبدالحق مینگل اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے کہا ہے کہ خانوزئی، مسلم باغ و رخان مہترزئی کے روٹ پر ہیوی ٹرکوں کو مال سمیت اغوا کرنے کے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں جبکہ بعض اوقات خالی ٹرک بھی اغوا کیے جا رہے ہیں ٹرانسپورٹرز نے وزیراعلیٰ چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، آئی جی ایف سی اور دیگر متعلقہ اداروں سے اپیل کی

بقیہ 1

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہدا کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اس ناقابلِ تلافی نقصان پر پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ خیبر پختونخوا پولیس اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صفِ اول میں کھڑی ہیں، قوم ان کی قربانیوں اور جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے، دہشت گردی کے خلاف ریاستی عزم اور قومی اتحاد غیر متزلزل رہنا چاہیے۔

بقیہ 2

لیے باعثِ فخر ہیں۔ صدرِ مملکت نے شہداء کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت، ہمدردی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے، ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے۔ صدرِ مملکت نے شہدا کے لواحقین سے دلی تعزیت، ہمدردی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے، ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے قابلِ قدر خدمات اور قربانیاں دے رہے ہیں۔ صدرِ مملکت نے واقعے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 3

کے طریقہ کار، متعلقہ انتظامی تیاریوں اور پروگرامز کے آغاز کے لیے درکار اقدامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ امتحانات و ڈائریکٹر گریجویٹ اسٹڈیز آفس ڈاکٹر رحیم مہر، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ، ڈائریکٹر کیوای سی ڈاکٹر رابعہ اسلم اور ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر محمد ارشاد نے شرکت کی۔ درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اکیڈمک گریجویٹ پالیسی کی منظوری سمیت گریجویٹ تعلیم سے متعلق مختلف پالیسی امور کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس کے دوران جامعہ میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، تحقیق کے معیار کو بہتر بنانے اور تحقیقی معاملات کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ شرکاء نے اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے شعبوں میں ادارہ جاتی استعداد بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ بورڈ نے جامعہ گوادر میں مستقبل میں شروع کیے جانے والے نئے تعلیمی پروگرامز، بالخصوص ایم ایس اور پی ایچ ڈی سطح کے پروگرامز سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا۔ اس سلسلے میں داخلہ ٹیسٹ کے طریقہ کار، متعلقہ انتظامی تیاریوں اور پروگرامز کے آغاز کے لیے درکار اقدامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 4

پیداوار میں دوسرا بڑا صوبہ ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ہم کے پی میں کان کنی کا فروغ چاہتے ہیں۔ اسلام آباد میں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آنے والے تمام سرمایہ کاروں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ ہماری سب سے بڑی ترجیح سرمایہ کاروں کو سیکیورٹی فراہم کرنا ہے، ہم سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشن دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کار خیبر پختون خوا میں منرلز کی تلاش میں سرمایہ کاری کریں، خیبر پختون خوا گیس پیداوار میں دوسرا بڑا صوبہ ہے۔

بقیہ 5

فرار دادپیش کریں گے۔ مولانا ہدایت الرحمان کا کہنا تھا کہ مزاحمت کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ پرامن سیاسی جدوجہد وقت کا اہم تقاضا ہے، لہذا عوام کو خوف کے ماحول سے نکالنے کے لیے پرامن جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے۔ رکنِ صوبائی اسمبلی نے آزادیِ اظہار رائے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قلم کو روکنے کے بجائے اسے فروغ دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ صوبے میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بدامنی کے خلاف 22 نومبر کو ایک بڑا جلسہ منعقد کیا جائے گا۔

تعمیر و تکمیل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، سلیم احمد کھوسہ

جلد ہی صوبے کے مختلف اضلاع میں نئی سڑکوں کے منصوبے شروع کیے جائیں گے، پارلیمانی لیڈر مسلم لیگ ن و وزیر مواصلات و تعمیرات

بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں رابطہ سڑکوں کی تعمیر حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، تاکہ شہری اور دیہی علاقوں کے درمیان تجارتی و سماجی روابط مضبوط ہوں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، پلوں اور تعمیراتی منصوبوں کی رفتار میں نمایاں بہتری آئی ہے، جس سے نہ صرف عوامی سہولیات میں اضافہ ہوا ہے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہو رہے ہیں' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے' میر سلیم کھوسہ نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں رابطہ سڑکوں کی تعمیر حکومت کی اولین

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان میں بار نمائندگان کے ساتھ ای-فائلنگ پائلٹ کے حوالے سے مشاورتی میٹنگ میں شریک ہیں



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر تربت دورے کے موقع پر منعقدہ پولیس دربار سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت بلوچستان یونیورسٹی میں سہولیات کے حوالے سے اجلاس

جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس سینٹر کے قیام کا کام آخری مراحل میں ہے، افتتاح جلد متوقع

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت بلوچستان یونیورسٹی میں قائم کی جانے والی جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس سینٹر کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر جاری پیش رفت، انتظامی امور اور تکمیلی مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس سینٹر کے قیام کا کام آخری مراحل میں ہے، جس کی تکمیل کے بعد ڈپٹی کمشنر کوئٹہ منصوبے کا دورہ کریں گے جبکہ سینٹر کا باقاعدہ افتتاح بھی جلد متوقع ہے۔اس منصوبے کا مقصد نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، آئی ٹی اور ای کامرس کے شعبوں میں عملی تربیت اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا ہے۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے منصوبے کی جلد تکمیل اور تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے پر زور دیا۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت بلوچستان یونیورسٹی میں قائم کی جانے والی جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس سینٹر کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر جاری پیش رفت، انتظامی امور اور تکمیلی مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس کل سہ پہر تین بجے اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیرِ صدارت ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس کل بروز جمعہ 13 نومبر کو سہ پہر تین بجے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیرِ صدارت منعقد ہوگا۔اجلاس کے جاری کردہ ایجنڈے کے تحت رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کی جانب سے اہم عوامی مسئلے پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا جائے گا، جبکہ اراکین اسمبلی میر زابد ریکی اور غزالہ گولہ کی جانب سے الگ الگ قراردادیں ایوان میں منظوری کے لیے پیش کی

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

ضلعی انتظامیہ کی غیر قانونی کرش پلانٹ کے خلاف کارروائی، پلانٹ سیل اور 10 افراد گرفتار

سب ڈویژن میں غیر قانونی صنعتی سرگرمیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی: اسسٹنٹ کمشنر صدر

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کا چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی کرش پلانٹ کے خلاف اپریشن، پلانٹ سیل، 10 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی نے چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی طور پر کام کرنے والے کرش پلانٹ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پلانٹ کو سیل کر دیا، جبکہ موقع پر موجود عملے کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی کے بعد جیل منتقل کر دیا گیا۔اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نے واضح کیا کہ سب ڈویژن میں غیر قانونی صنعتی سرگرمیوں اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی کو بھی غیر قانونی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ضلعی انتظامیہ کا چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی کرش پلانٹ کے خلاف اپریشن، پلانٹ سیل، 10 افراد گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر صدر کوئٹہ محمد یوسف ہاشمی نے چشمہ کے علاقے میں غیر قانونی طور پر کام کرنے والے

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار حکومت کی اولین ترجیح ہے، عام کرد گیلو

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے حکومت اور سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہے دہشت گردی کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، وزیر ریونیو بلوچستان

حکومت صوبے کو معاشی طور پر مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے جامع منصوبہ بندی کر رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت اہم سیاسی تبدیلیوں کے مرحلے سے گزر رہا ہے اور حکومت صوبے کو معاشی طور پر مضبوط بنانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے جامع منصوبہ بندی کر رہی ہے

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار حکومت کی اولین ترجیح ہے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا' وفود نے میر عاصم کرد گیلو کو اپنے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل، ترقیاتی کاموں کی رفتار اور عوامی فلاح کے منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔اس موقع پر وزیر ریونو نے تمام وفود کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے میر عاصم کرد گیلو

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

جعفر آباد کے علاقے کشمیر کوٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی مسائل کا فوری ازالہ اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر جعفر آباد

جعفر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کو عملی جامہ پہناتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر نگرانی کشمیر کوٹ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان اور ان کے نمائندگان نے شرکت کی، کھلی کچہری کے دوران علاقے کے عوام نے اپنے درپیش مسائل، مشکلات اور شکایات سے متعلق تحریری و زبانی طور پر ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ افسران کو آگاہ کیا، ڈپٹی کمشنر خالد خان کی موجودگی میں متعلقہ محکموں کے افسران نے عوامی شکایات پر جوابات دیئے اور مسائل کے حل کے لیے اپنے محکموں کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا، جبکہ ڈپٹی کمشنر نے متعدد شکایات کا موقع پر ہی نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری ازالے اور ضروری اقدامات کے احکامات جاری کیے اور واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت اور تاخیر برداشت نہیں کی

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

مستونگ کے نواحی علاقے کانک میں زوردار دھماکہ، علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا

دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی، قریبی گھروں کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے، جانی نقصان کی تاحال اطلاع نہیں

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے نواحی علاقے کانک میں زوردار دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔مقامی ذرائع کے مطابق دھماکے کی شدت اس قدر زیادہ تھی کہ اس کی آواز کئی کلومیٹر دور تک سنی گئی، جبکہ دھماکے کے باعث قریبی گھروں کی کھڑکیوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔دھماکے کی نوعیت اور اس کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ جانی و مالی نقصان سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔مستونگ کے نواحی علاقے کانک میں زوردار دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔مقامی ذرائع کے مطابق دھماکے کی شدت اس قدر زیادہ تھی کہ اس کی آواز کئی کلومیٹر دور تک سنی گئی، جبکہ دھماکے کے باعث قریبی گھروں کی کھڑکیوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔دھماکے کی نوعیت اور اس کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ جانی و مالی نقصان سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔مستونگ کے نواحی علاقے کانک میں

(بقیہ 83 اندرونی صفحہ 2 پر)

موسمیاتی تبدیلیوں پر عالمی برادری ترقی پذیر ممالک سے کیے وعدے پورے کرے، وزیر اعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں پر عالمی برادری ترقی پذیر ممالک سے کیے وعدے پورے کرے۔ترکیے میں کوپ 31 کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان عالمی کاربن اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم کا ذمہ دار ہے لیکن اس کے باوجود موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ 2022 میں پاکستان کا ایک تہائی حصہ سیلاب میں ڈوبا ہوا

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکومت پائیدار امن اور معاشی استحکام کیلئے کوشاں ہے، صوبائی وزیر صحت

کور کمانڈر بلوچستان کا سرحدی تجارت کے فروغ اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان خوش آئند ہے

صوبے میں امن اور ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور سیاسی قیادت کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کے بلوچستان میں سرحدی تجارت کے فروغ، عوام کو روزگار کی فراہمی اور بندوق کے کلچر کے خاتمے سے متعلق بیان کو خوش آئند قرار دیا ہے۔اپنے بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی بلوچستان میں پائیدار امن، معاشی استحکام اور عوام کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرحدی تجارت کا فروغ بلوچستان کی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بارڈر ٹریڈ سے وابستہ ہے۔سرحدی تجارتی راستوں کو قانونی اور منظم انداز میں فعال بنانے سے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈیرہ بگٹی، دو گروپوں میں تصادم، دو افراد جاں بحق

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ڈیرہ بگٹی کے علاقے باسکیٹ میں دو گروپوں کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں ایک جانب سے بیڑا مرہٹہ بگٹی جبکہ دوسری جانب سے رمضان لنڈ کا فی کلپر بگٹی کا بیٹا جاں بحق ہوا ہے۔واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی پائی جاتی ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔مزید تفصیلات اور جاں بحق افراد کے ناموں کی تصدیق کا انتظار

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

فائرنگ کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار، ایس ایچ او پنھل خان جمالی کی کامیاب کارروائی

گندا خہ (اے این این) ضلع اوستہ محمد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ایس ایچ او پولیس تھانہ زورگڑھ انسپکٹر پنھل خان جمالی نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

جے ڈی وینس کا جنگ کے خاتمے کیلئے ایران سے براہِ راست ملاقات پر غور

واشنگٹن (جی این ایم) ایران جنگ کے خاتمے کیلئے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس ایرانی رہنما کے ساتھ براہِ راست ملاقات پر غور کر رہے ہیں، جبکہ

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میں مبینہ رشوت ستانی اور بدانتظامی کی شکایات

آفیسر کی غیر حاضری کا بہانہ بنا کر تاخیری حربے استعمال کیے جا رہے ہیں، ملازمین کا موقف

سیوی (یو این اے) ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس سیوی میں مبینہ طور پر رشوت ستانی اور بدانتظامی کی شکایات سامنے آنے لگی ہیں۔سرکاری ملازمین نے الزام عائد کیا ہے کہ دفتر میں ملازمین کے ایریئرز اور دیگر واجبات کے بل مبینہ طور پر رشوت کے بغیر پاس نہیں کیے جا رہے جس کے باعث غریب اور سادہ لوح ملازمین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے متاثرہ ملازمین کے مطابق ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میں مبینہ طور پر رشوت کا سلسلہ جاری ہے اور بعض اہلکار ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر کی مبینہ سرپرستی میں ملازمین کو مختلف حیلے بہانوں سے پریشان کر رہے ہیں ملازمین کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر اکثر دفتر سے غیر حاضر رہتے ہیں جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دیگر عملہ افسر کی عدم موجودگی کا بہانہ بنا کر ملازمین کے بلوں اور سرکاری واجبات کی ادائیگی میں تاخیری حربے استعمال کرتا ہے ملازمین نے مزید کہا کہ اپنی جائز تنخواہوں، ایریئرز اور دیگر واجبات کے حصول کے لیے انہیں بار بار دفتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں، لیکن مبینہ طور پر رشوت کے

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹیکسٹ بک بورڈ اور ایس بی کے یونیورسٹی کا اجلاس

تحقیقی بنیادوں پر درسی کتب کی تیاری کے مشترکہ پروگرام کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی کی زیر صدارت ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی ڈائریکٹر، ORIC (آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن) کی ڈائریکٹر ڈاکٹر مہوش ملغانی، یونیورسٹی کے دیگر اعلیٰ افسران اور بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی اور بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے مابین جاری مشترکہ تحقیقی پروگرام کی پیش رفت، کامیابیوں اور مستقبل کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے کہا کہ یہ پروگرام 30 اکتوبر 2026ء کو اختتام پذیر ہوا، جس کے دوران انٹرن طالبات نے درسی کتب کی تیاری، نصابی مواد کی بہتری اور تعلیمی ضروریات کے حوالے سے تحقیقی سرگرمیوں میں حصہ لیا اور اپنی تحقیقی رپورٹس پیش کیں۔انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان میں معیاری، جدید اور تحقیقی بنیادوں پر مبنی درسی کتب کی تیاری کو

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)



انطالیہ، وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان ملاقات کر رہے ہیں

بارکھان، یونین کونسل چھپر میں زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں تصادم، متعدد افراد زخمی

فریقین کی جانب سے پتھروں اور ڈنڈوں کا آزادانہ استعمال، زخمی بی ایچ یو اسپتال رکھنی منتقل، علاقے میں کشیدگی برقرار

بارکھان (یو این اے) ضلع بارکھان کی یونین کونسل چھپر میں اراضی کے تنازع پر فوجانی برادری کے دو گروپوں کے درمیان شدید تصادم ہوا، جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہو گئے ہیں۔مقامی ذرائع کے مطابق تلخ کلامی کے بعد دونوں گروپ آمنے سامنے آ گئے اور فریقین کی جانب سے ایک دوسرے پر پتھروں اور ڈنڈوں کا آزادانہ استعمال کیا گیا، جس سے علاقے میں میدانِ جنگ جیسا منظر پیش ہونے لگا۔جھگڑے کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے بی ایچ یو اسپتال رکھنی منتقل کر دیا گیا ہے۔تصادم کے بعد علاقے میں شدید کشیدگی پائی جاتی ہے اور کسی بھی مزید ناخوشگوار واقعے کے خدشے کے پیش نظر مکینوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔مقامی شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تصادم میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور علاقے میں امن و امان کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔۔مقامی

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

نیشنل پارٹی کے بانی رہنما شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت

ساحل و وسائل پر عوامی اختیار اور آئینی و جمہوری جدوجہد ہی بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل ہے، بیان

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کی جانب سے پارٹی کے بانی رہنما اور سابق مرکزی سیکرٹری جنرل شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی کے موقع پر جاری کردہ بیان میں انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا گیا ہے۔پارٹی بیان میں کہا گیا ہے کہ شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ محض ایک سیاسی رہنما نہیں بلکہ بلوچ قومی سیاست میں جمہوری، ترقی پسند اور نظریاتی جدوجہد کی ایک توانا آواز تھے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی بلوچ عوام کے قومی و سیاسی حقوق، ساحل و وسائل پر اختیار، عوامی بالادستی اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ بیان کے مطابق انہوں نے مشکل ترین سیاسی حالات میں بھی اپنے نظریات پر سمجھوتہ نہیں کیا اور ہمیشہ آئینی، سیاسی اور جمہوری جدوجہد کو قومی مسائل کے حل کا مؤثر راستہ قرار دیا۔نیشنل پارٹی کے بیان میں مزید کہا گیا کہ شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی سیاست کا محور ذاتی مفادات یا اقتدار کا حصول نہیں بلکہ اجتماعی قومی مفادات اور ایک بااختیار و خوشحال بلوچستان کا خواب تھا۔انہوں نے نیشنل پارٹی کی تنظیم سازی، کارکنوں کی سیاسی

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ملازمین حقوق کے منتظر ہیں: نصیب اللہ بازئی

ملازمین کی پروموشنز، عید بونس سمیت تمام جائز حقوق اور مراعات بلاتاخیر فراہم کی جائیں: اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن نے ملازمین کے مسائل، بالخصوص پروموشنز اور عید بونس کی عدم ادائیگی میں تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔اس سلسلے میں ایمپلائز ایسوسی ایشن کا ایک اہم اجلاس صدر نصیب اللہ بازئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ایسوسی ایشن کے عہدیداران، ایگزیکٹو ممبران اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ سات ماہ سے ملازمین کو درپیش مسائل اور ان کے حل کیلئے کی جانے والی کوششوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ ایمپلائز ایسوسی ایشن گزشتہ سات ماہ سے ملازمین کے جائز حقوق کے حصول کیلئے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔اس سلسلے میں یونیورسٹی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کو متعدد تحریری درخواستیں اور خطوط ارسال کیے گئے، مختلف اجلاسوں اور بالمشافہ ملاقاتوں کے ذریعے بھی مسائل کی نشاندہی کی گئی، تاہم تاحال ان مسائل کے حل کے لیے کوئی خاطر خواہ عملی پیش رفت

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

عمران خان کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا

لاہور (اے این این) عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو لاہور کی کوٹ لکھپت جیل سیر ہا کر دیا گیا ہے۔نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے قبل 21 ستمبر کو کوٹ لکھپت جیل میں نظر بند کر دیا گیا تھا اور بعد ازاں ان کی نظر بندی میں توسیع کر دی گئی تھی۔ عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 2 پر)

قوم کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جوان حقیقی ہیرو ہیں، عبدالعلیم خان

شہدا نے اپنے لہو سے ثابت کیا کہ پاکستان کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، وفاقی وزیر و صدر استحکام پاکستان پارٹی

شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے، کوہاٹ میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار

کوہاٹ (جی این ایم) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کوہاٹ میں دہشت گردی کے واقعے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔عبدالعلیم خان نے ایکس پر اپنے پیغام میں خیبر پختونخوا پولیس کے شہدا کی جرات، بہادری اور فرض شناسی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے امن و سلامتی کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے والے پولیس اہلکار قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔شہدا نے اپنے لہو سے ثابت کیا کہ پاکستان کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سیکورٹی اداروں کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، پوری قوم اپنے شہدا کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے، انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

اور ماڑہ انٹر کالج میں یومِ اقبال کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

نوجوان بلند عزائم اور خود اعتمادی سے کامیابی حاصل کریں: ڈاکٹر ماہ نور برکت

گوادر/اور ماڑہ: (خ ن) یومِ اقبال کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے انٹر کالج اور ماڑہ میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور طلبہ کو تعلیم، نظم و ضبط اور خود اعتمادی کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے کی ترغیب دی۔اس موقع پر انہوں نے علامہ اقبال کے فلسفہ خودی اور شاہین کی علامت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے نوجوانوں کو بلند عزائم، جرات، خوداحتصاری اور اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھنے کا پیغام دیا۔انہوں نے کہا کہ مستقل مزاجی، مثبت عادات اور انفرادی ذمہ داری کا احساس نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔یومِ اقبال کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے انٹر کالج اور ماڑہ میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور طلبہ کو تعلیم، نظم و ضبط اور خود اعتمادی کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے کی ترغیب دی۔اس موقع پر انہوں نے علامہ اقبال کے فلسفہ خودی اور شاہین کی علامت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے نوجوانوں کو بلند عزائم، جرات، خوداحتصاری اور اپنی

(بقیہ 57 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبے کی بدلتی سیاسی صورتحال پر گہری نظر ہے، مولانا واسع

جمعیت علما اسلام آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ثابت قدم رہے گی، صوبائی امیر

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اراکین صوبائی اسمبلی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، میر زابد علی ریکی، سید آغا ظفر اور دیگر جماعتی رہنماں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان کی قیادت صوبے کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے، جماعت تمام ممکنہ حالات سے جمہوری، آئینی اور سیاسی انداز میں نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، کارکنوں کی تنظیمی و سیاسی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور جماعتی سطح پر مشاورت و رابطوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ 17 نومبر سے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں شروع ہونے والا صوبائی دورہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اس دوران کارکنوں سے ملاقاتیں، تنظیمی امور کا جائزہ اور موجودہ سیاسی صورتحال پر مشاورت کی جائے گی، جس کے مثبت اور دوررس نتائج برآمد ہوں گے۔صوبائی امیر نے کہا

(بقیہ 56 اندرونی صفحہ 2 پر)

گورنر بلوچستان سے مولانا عبدالحق ثانی کی قیادت میں جے یو آئی (س) کے وفد کی ملاقات

سیاست میں کسی خلا کو بہتر، مؤثر اور تعمیری انداز میں پر کرنا دانشمندی ہے، پائیدار امن کے لیے علما کا کردار ناگزیر ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مرکزی امیر جمعیت علما اسلام (س) مولانا عبدالحق ثانی کی قیادت میں ایک وفد نے گورنر ہاس کوئٹہ میں ملاقات کی۔وفد میں مولانا خزیمہ، جمعیت علما اسلام (س) کے صوبائی امیر مفتی عبدالواحد بازئی اور مولانا فیض الحق حقانی بھی شامل تھے۔ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتِ حال، صوبے میں امن و استحکام، ترقی اور معاشرتی اصلاح کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاست کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ سیاست میں کوئی خلا باقی نہیں رہتا۔اہل سیاست کی اصل دانشمندی یہ ہے کہ کسی بھی خلا کو محض پر کرنے کے بجائے اسے پہلے سے بہتر، مؤثر اور تعمیری انداز میں پر کیا جائے تاکہ اصلاح، فلاح اور اجتماعی ترقی کی نئی راہیں متعین کی جا سکیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں دیرپا امن، سیاسی استحکام اور پائیدار ترقی کو یقینی بنانے کی خاطر علما کرام کا عوام دوست اور تعمیری کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ علما کرام

(بقیہ 58 اندرونی صفحہ 2 پر)

وفاقی کابینہ میں ردوبدل کا فیصلہ، وزیر اعظم کا اہداف حاصل نہ کرنیوالے وزرا کو ہٹانے پر غور

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ میں ردوبدل کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت مقررہ اہداف حاصل نہ کرنے والے وزرا کو کابینہ سے الگ کئے جانے کا امکان ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق، وزیر اعظم نے حکومتی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے کابینہ میں نئے چہرے شامل کرنے اور تسلی بخش نتائج نہ دینے والے اراکین کی جگہ دیگر افراد کو ذمہ دا